رہبر معظم کی سنیگال کے صدر عبداللہ واد سے ملاقات - 17 /Oct/ 2009

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے سنیگال کے صدر عبداللہ واد کے ساتھ ملاقات میں بین الاقوامی سطح پر اسلامی ممالک کے درمیان یکجہتی و اتحاد کے قیام کو اسلامی جمہوریہ ایران کے اہداف و کوششیں قراردیا اور تجارتی ، صنعتی و اقتصادی شعبوں میں دونوں ممالک کے باہمی روابط میں فروغ پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا: ایران اپنے تجربات کو اسلامی ممالک کے اختیار میں دینے کے لئے تیار ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی نے اسلامی کانفرنس پر سنیگال کی صدارت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: اسلامی کانفرنس تنظیم کی تشکیل کا اصلی مقصد مسئلہ فلسطین ہے لہذا اسلامی کانفرنس تنظیممسئلہ فلسطین کے سلسلے میں اپنےدوش پر اہم ذمہ داری لئے ہوئے ہے اور اس مسئلہ میں اہم نقش ایفا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے آج فلسطین حقیقت میں مظلوم اور تنہا ہے اور عالم اسلام میں اس کے لئے مضبوط و مستحکم ، درست اور منظم حرکت پیدا کرنےکی ضرورت ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی نے اسرائیلی حکومت کی سامراجی طاقتوں اور بعض اسلامی ممالک کی طرف سے حمایت کی جانب اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: فلسطین کی مدد تمام مسلمان قوموں کا مطالبہ ہے اور اسلامی کانفرنس تنظیم مظلوم فلسطینی مسلمانوں کی حمایت کرکے فلسطینی عوام کے دلوں میں امید پیدا کرسکتی ہے۔

اس ملاقات میں صدر احمدی نژاد بھی موجود تھے سنیگال کے صدر عبداللہ واد نےاسلامی جمہوریہ ایران کے دورے پر اپنی خوشی و مسرت کا اظہار کیا اور دونوں ممالک کے باہمی تعاون کو بہترین قراردیتے ہوئے کہا: عالم اسلام میں ایران کا اہم مقام ہے اور اس کے تجربات یقینی طور پر عالم اسلام اور اسلامی کانفرنس تنظیم کے لئے مفید اورعظیم ثابت ہونگے۔

سنیگال کے صدر اور اسلامی کانفرنس تنظیم کے سربراہ نے ایران کے حالیہ اہم انتخابات کے انعقاد اور اس کے نتائج پر مسرت و خوشحالی کا اظہار کیا۔